10 اکتوبر 2013ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 9 فیصد سے زائد اضافہ،
مالی سال 14ء کی پہلی سہ ماہی میں 3.9 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) میں 3,927.94 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 9.14 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی تا ستمبر م س 13ء) میں 3,599.11 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا ستمبر مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 1106.17 ملین ڈالر، 784.45 ملین ڈالر، 624.80 ملین ڈالر، 610.55 ملین ڈالر، 447.14 ملین ڈالر اور 109.19 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا ستمبر مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 961.09 ملین ڈالر، 753.09 ملین ڈالر، 623.72 ملین ڈالر، 500.15 ملین ڈالر، 396.14 ملین ڈالر اور 97.05 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 245.64 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 267.87 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

ستمبر 2013ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 373.58 ملین ڈالر، 276.03 ملین ڈالر، 173.87 ملین ڈالر، 190.09 ملین ڈالر، 151.24 ملین ڈالر اور 33.85 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ ستمبر 2012ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 303.31 ملین ڈالر، 247.29 ملین ڈالر، 177.11 ملین ڈالر، 166.09 ملین ڈالر، 122.05 ملین ڈالر اور 33.48 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال (م س 14ء) کے ماہ ستمبر کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 84.75 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆